## ڈاکٹر فاروق ستار کی وزارت عظمیٰ کیلئے نامزدگی فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کے آغاز کی نوید ہے، الطاف حسین

## ڈاکٹر فاروق ستار کی نامزدگی پر چوہدری شجاعت حسین اور متحدہ اپوزیشن میں شامل جماعتوں کے رہنماؤں کا شکریہ

## وزارت عظمیٰ کیلئے ڈاکٹر فاروق ستار کی نامزدگی پر ملک بھر کے کارکنان وعوام کو مبارکباد

## پاکستان ہمارا دل ہے، ہماری منزل ہے، اپنے وطن کیلئے اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے سے دریغ نہیں کریں گے

## متحدہ اپوزیشن کے ارکان پارلیمنٹ کے اعزاز میں عشائیہ تقریب میں اپوزیشن اراکین سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔16، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے قومی اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن کی جانب سے قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کی وزارت عظمیٰ کیلئے نامزدگی پر ملک بھر میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان اور حق پرست عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ۔اتوار کے روز قومی اسمبلی میں متحدہ اپوزیشن کی جانب سے وزارت عظمیٰ کیلئے ڈاکٹر فاروق ستار کی نامزدگی کے اعلان کے بعد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین اور شعبہ جات کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں اور تمام کارکنان وعوام کو اس تاریخی موقع پر مبارکباد پیش کی ۔انہوں نے کہا کہ آج کا دن ایم کیوایم کی تاریخ میں ایک یادگار دن ہے اور اس دن متحدہ اپوزیشن کی جانب سے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے فرد کی وزارت عظمیٰ کیلئے نامزدگی فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کے آغاز کی نوید ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد محض اقتدار کا حصول نہیں بلکہ ملک بھر کے عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، مسلک، عقیدہ اور مذہب عملی خدمت کرنا ہے۔ جناب الطاف حسین نے وزارت عظمیٰ کیلئے ڈاکٹر فاروق ستار کی نامزدگی پر مسلم لیگ (ق) کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین اور متحدہ اپوزیشن میں شامل دیگر جماعتوں بشمول مسلم لیگ فنکشنل، پاکستان پیپلز پارٹی اور نیشنل پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا۔ دریں اثناء قبل ازیں جناب الطاف حسین نے چوہدری شجاعت حسین کی طرف سے متحدہ اپوزیشن کے ارکان پارلیمنٹ کے اعزاز میں عشائیہ تقریب میں اپوزیشن اراکین سے ٹیلی فون پر گفتگو کی ۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم پارلیمنٹ میں مثبت اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے اور حکومت کے ہر مثبت عمل کو سپورٹ کریں گے لیکن ہم امید کرتے ہیں کہ حزب اقتدار کی جماعتیں بھی جمہوری طرزعمل کا مظاہرہ کریں گی ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارا دل ہے، ہماری منزل ہے اور ہماری بقاء ہے اور اپنے وطن کیلئے ہم اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے سے دریغ نہیں کریں گے ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان آج جس مشکل صورتحال میں ہے، ہم سب مل کر پاکستان کو اس مشکل سے نکالیں گے ۔

## متحدہ قومی موومنٹ کا 24واں یوم تاسیس کراچی سمیت ملک بھر میں منایا جائے گا

## سندھ سمیت ملک بھر میں منعقدہ اجتماعات سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔16، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ایم کیوایم کا 24واں یوم تاسیس بروز منگل مورخہ 18، مارچ کو کراچی سمیت ملک بھر میں مکمل جوش وجذبے سے منایا جائے گا اور ملک بھر میں یوم تاسیس کے سلسلے میں اجتماعات منعقد ہونگے جن سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔اس سلسلے میں مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیزآباد میں منعقد ہوگا جبکہ حیدرآباد سمیت اندرون سندھ 19 زونوں سکھر، جیکب آباد، قمبر شہدادکوٹ، کشمور، شکارپور، خیرپور، گھوٹکی، نوشیروفیروز، لاڑکانہ، دادو، بدین، ٹھٹھہ، نوابشاہ، سانگھڑ، میرپور خاص ، ٹنڈوالہیار ، جامشورو اور عمرکوٹ کے علاوہ صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے ضلعی دفاتر یوم تاسیس کے اجتماعات منعقد کیے جائیں گے۔ایم کیوایم کے 24ویں یوم تاسیس اور جناب الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں ملک بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جاتا ہے اور ان کی جانب سے ملک بھر میں ایم کیوایم کے یوم تاسیس کے اجتماعات کی تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔

## ارشدخان کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔16، مارچ2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136-A کے کارکن ارشد خان ولد محمد قاسم کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## نارتھ کراچی میں سنی تحریک کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کا کارکن شہید

## 23 سالہ ارشد خان اپنی رہائش گاہ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کر دی

## ارشد خان کا قتل کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16، مارچ2008ء

نارتھ کراچی کے علاقے میں سنی تحریک کے مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے جواں سال کارکن ارشد خان کو شہید کردیا۔(انا اللہ وانا الیہ راجعون) تفصیلات کے مطابق اتوار کی شب ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن 23 سالہ ارشد خان ولد محمد قاسم اپنی رہائش گاہ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے کہ موٹر سائیکل پر سوار سنی تحریک کے مسلح دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کردی اور فرار ہوگئے۔ دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں ارشد خان شدید زخمی ہوگئے، انہیں علاقے کے لوگوں کی مدد سے اسپتال پہنچایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے ان کی جان بچانے کی کوشش کی تاہم وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نارتھ کراچی میں سنی تحریک کے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکن ارشد خان کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قتل کے واقعہ کو کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ فرقہ پرست تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی گھناؤنی کوششیں کی جارہی ہیں اور ارشد خان کا بہیمانہ قتل بھی کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں وہ کراچی اور شہریوں کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، نگراں وزیر اعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا کہ ارشد خان کے قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث سنی تحریک کے مسلح دہشت گردوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان سے اپیل کی کہ وہ کراچی دشمن عناصر کی اشتعال انگیزیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر سازشی عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے ارشد خان شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا بھی اظہار کیا۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کی وزیر اعظم نامزدگی کی خبر سے کراچی سمیت ملک بھر میں خوشی کی لہر

کراچی۔۔۔16، مارچ2008ء۔۔۔متحدہ اپوزیشن کی جانب سے پاکستان کے آئندہ وزیر اعظم کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی نامزدگی کی خبر سے کراچی اور سندھ سمیت ملک بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور ملک بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان نے اس خبر پر ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کی۔اتوار کی شب متحدہ اپوزیشن کے رہنماؤں چودھری شجاعت، چودھری پرویز الٰہی اور ڈاکٹر فاروق ستار کی مشترکہ پریس کانفرنس کی خبر براہِ راست ٹی وی پر نشر ہونے کے بعد کراچی اور سندھ سمیت ملک بھر میں خوشی اور مسرت کے لہر دوڑ گئی اور رات گئے تک عوام میں یہ نامزدگی موضوع بحث بنی رہی۔اتوار کو اس پریس کانفرنس کے نشر ہونے کے بعد ڈاکٹر فاروق ستار کے وزیر اعظم، حق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت کی ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اور متحدہ اپوزیشن کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحید رعباس رضوی کی نامزدگیوں کی خبر ملک بھر میں موضوع بحث بنی رہی جبکہ ایم کیوایم کے کارکنوں اور حق پرست عوام کی جانب سے مبارکباد کے تبادلہ کا سلسلہ شروع ہوگیا۔اس سلسلے میں شہریوں کا مؤقف ہے کہ یہ امر انتہائی خوش آئند ہے کہ جیت اور ہار سے قطع نظر ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ واقعتاً ایک ایسے شخص کو وزارت عظمٰی کے انتخاب کیلئے نامزد کیا گیا جو غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھتا ہے اور یہ خبر پاکستان میں ایک بڑے انقلاب کا پیش خیمہ ثابت ہوسکتی ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ انتخابات میں اکثریت سے کامیابی حاصل کرنے والی جماعتیں تاحال وزیر اعظم کی نامزدگی پر متفق نہیں

ہوسکیں جبکہ متحدہ اپوزیشن نے وزارت عظمیٰ کے امیدوار کی نامزدگی کا اعلان کر کے بازی جیت لی ہے۔شہر سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق آئندہ وزارت عظمیٰ کیلئے ڈاکٹر فاروق ستار کی نامزدگی کے سلسلے میں عوام میں زبردست جوش وخروش پایا جاتا ہے اور حق پرست عوام ایک دوسرے کو مبارکباد کے تبادلہ کے ساتھ مٹھائی تقسیم کرنے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار کی وزارت عظمیٰ کیلئے نامزدگی کے اعلان کے بعد ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر مبارکباد کی ٹیلی فون کالوں کا تانتا بندھ گیا ہے۔

## حق پرست عوام ناصر جلیل کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔16، مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے رکن انیس ایڈووکیٹ کے خالہ زاد بھائی ناصر جلیل کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ناصر جلیل کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## آئندہ منتخب حکومت کی اولین ترجیح انتہاء پسندی کا خاتمہ ہونی چاہئے، عبدالرشید گوڈیل، سردار احمد

## ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر کے زیراہتمام کارکنان کے اعزاز میں عشائیہ کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔16، مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے نومنتخب حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل اور رکن سندھ اسمبلی سید سردار احمد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم جمہوریت پسند جماعت ہے اور ملک میں جمہوریت کا فروغ چاہتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کے زیراہتمام کارکنان، پولنگ ایجنٹ، ایلڈرز ونگ کے ارکان، اور شعبہ خواتین کی کارکنان کے اعزاز میں عشائیہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اوران حالات میں قوم کے درمیان اتحاد و یکجہتی کی اشد ضرورت ہے۔انہوں نے ملک کے مختلف حصوں میں بم دھماکوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانے کیلئے آئندہ منتخب حکومت کی اولین ترجیح انتہاء پسندی کا خاتمہ ہونی چاہئے اورانتہاء پسندی کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کرنے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جمہوریت پسند جماعت ہے اور ملک میں جمہوریت کے فروغ کیلئے آئندہ حکومت کے مثبت اقدامات کی بھرپور حمایت کرے گی۔عبدالرشید گوڈیل اور سید سردار احمد نے کہا کہ حالیہ انتخابات میں ایم کیوایم کی شاندار کامیابی میں تحریک سے وابستہ ہر شعبے نے اہم کردار ادا کیا ہے اور عام انتخابات میں حق پرستوں کی بھاری اکثریت سے کامیابی ایم کیوایم کے کارکنان کی دن رات محنت کا نتیجہ ہے جس پر ایک ایک ساتھی زبردست خراج تحسین کا مستحق ہے۔

## بعض عناصر ایم کیوایم کے نام پر فنڈ وصول کرنے کیلئے رابطہ کمیٹی اور نومنتخب ارکان اسمبلی کے نام سے مختلف شخصیات کو فون کررہے ہیں تاکہ ایم کیوایم کو بدنام کیا جاسکے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16، مارچ2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بعض عناصر کی جانب سے رابطہ کمیٹی اور نومنتخب حق پرست اراکین اسمبلی کا نام استعمال کر کے بزنس کمیونٹی اور شہر کی دیگر اعلیٰ شخصیات کو ٹیلی فون کر کے ان سے فنڈ کی وصولی کی اطلاعات کی شدید مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہر قسم کے چندے کی وصولی پر پابندی عائد کی ہوئی ہے لیکن ایم کیوایم کے مرکز کو شکایات موصول ہورہی ہیں کہ شہر میں بعض عناصر ایم کیوایم کے نام پر فنڈ وصول کرنے کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور نومنتخب ارکان اسمبلی کے نام سے مختلف شخصیات کو فون کررہے ہیں تاکہ ایم کیوایم کو بدنام کیا جاسکے۔رابطہ کمیٹی نے عوام خصوصاً تاجروں اور صنعتکاروں سے اپیل کی کہ اگر کچھ عناصر ایم کیوایم کے نام سے فنڈ وصول کرنے کیلئے ان سے رابطہ کریں تو اس کی اطلاع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کے فون نمبر 6313690اور 6329900پر دیں تاکہ ان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکے۔

☆☆☆☆☆